Australian Government
Department of Home Affairs

# آسٹریلیا میں داخل ہونا

آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے مندرجہ ذیل مراحل پر عمل کریں۔

## مرحلہ نمبر 1 - اپنے لیے ویزا کے تقاضے چیک کریں

بغیر ویزا کے آسٹریلیا کا سفر کرنے کی کوشش نہ کریں۔ آپ ویزا کے آپشنز دریافت کرنے کے لیے ہمارا ویزا فائنڈر استعمال کر سکتے ہیں۔

آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے آپ کو سفری استثنیٰ کے لیے درخواست دینے، اور آپ کو استثنیٰ دیے جانے کی **بھی** ضرورت پڑ سکتی ہے۔ (مرحلہ 3 نیچے ملاحظہ کریں)۔

## مرحلہ 2 - اپنے لیے ویکسینیشن کے تقاضے چیک کریں

آپ کی ویکسینیشن کا اسٹیٹس اس بات کا تعین کرے گا کہ آپ کو آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے کیا کچھ کرنا ہے۔

جب آپ آسٹریلیا کی بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتے ہیں تو بعض اور بھی قابلِ غور امور ہیں۔ مندرجہ ذیل مراحل پر عمل کریں۔

اگر آپ کو طبی وجوہات کی بناء پر ویکسین نہیں لگائی جا سکتی ہے، تو آپ مکمل طور پر ویکسین شدہ مسافروں والے سفری انتظامات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کے لیے آپ کو قابل قبول طبی ثبوت فراہم کرنے ہوں گے۔ ملاحظہ کریں: ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ۔

**درج ذیل صورتوں میں آسٹریلیا پہنچنے والے ویزا حاملین کا ویزا منسوخ کیا جا سکتا ہے اور انہیں حراست میں لیا جا سکتا ہے اور ہٹایا جا سکتا ہے:**

- **اگر وہ آسٹریلیا کی سرحد میں داخلے کے تقاضوں کے مطابق بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ نہیں ہیں؛ یا**
- **اگر وہ COVID-19 ویکسین کے لیے آسٹریلیائی حکومت کی جانب سے بیان کردہ کسی طبی ممانعت کا شکار نہیں ہیں؛ یا**
- **اگر وہ مستثنیٰ زمرے میں نہیں آتے ہیں یا وہ کسی سفری استثنیٰ کے حامل نہیں ہیں۔**

## مرحلہ 3 - سفری استثنیٰ کے لیے درخواست دیں

اگر آپ آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتے ہیں، تو آپ کو بھی آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے سفری استثنیٰ حاصل کرنے کی درخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

مزید معلومات اور درخواست دینے کے طریقہ کار کے لیے ملاحظہ کریں آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے استثنیٰ کا عمل۔

## مرحلہ 4 - ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضے چیک کریں

اپنی پرواز بک کرنے سے پہلے، ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضے چیک کریں۔ اس میں سرحد میں داخلے یا قرنطینہ کے لیے رجسٹریشن فارمز شامل ہو سکتے ہیں۔

ان تمام ریاستوں اور علاقوں کو چیک کریں جہاں سے آپ ٹرانزٹ کریں گے اور جہاں کا آپ سفر کریں گے۔ فوری اطلاع پر جملہ تقاضے تبدیل ہو سکتے ہیں۔ **آپ کو قرنطینہ میں رہنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔**

آپ ان تمام سفری پابندیوں اور تقاضوں کی تعمیل کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں جو آپ پر لاگو ہوتے ہیں۔ اگر آپ تعمیل نہیں کرتے ہیں، تو آپ کو سنگین سزاؤں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جس میں جیل کا وقت اور بڑے جرمانے شامل ہیں۔ ملاحظہ کریں: ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضے۔

## مرحلہ 5 - آگے کے لیے منصوبہ بندی کریں

آپ کو یہ بھی سوچنا چاہیے کہ اپنے سفر میں تاخیر اور رکاوٹوں کی صورت میں آپ کیا کریں گے۔

ایئر لائنز کے بھی بعض مخصوص تقاضے ہو سکتے ہیں جن پر پورا اترنا آپ کے لیے ضروری ہو سکتا ہے۔ **غیر ویکسین شدہ مسافر آنے والے مسافروں کی حدود سے مشروط ہوتے ہیں اور اُن کے لیے ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔**

اگر متعلقہ ہو تو، چیک کریں کہ آپ کو کیا کرنا ہوگا آسٹریلیا سے روانہ ہونا۔

## مرحلہ 6 - اپنا سفر بُک کریں

## مرحلہ 7 - اپنا ڈیجیٹل مسافروں کا ڈیکلیریشن مکمل کریں

آپ اپنی پرواز سے سات دن پہلے اپنا ڈیجیٹل مسافروں کا ڈیکلیریشن (DPD) شروع کر سکتے ہیں اور اسے آسٹریلیا کے لیے روانہ ہونے سے پہلے 72 گھنٹے کے اندر جمع کروا سکتے ہیں۔

DPD صحت کی اہم معلومات کی درخواست کرتا ہے۔ یہ معلومات فراہم کرنا ایک قابل اطلاق تقاضہ ہے۔ اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ آپ کو ایئرپورٹ پر، یا آسٹریلیا پہنچنے پر غیر ضروری تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: DPD۔

## مرحلہ 8 - روانگی سے قبل کا COVID-19 ٹیسٹ کروائیں

آپ کو ایئر لائن کے عملے کو حالیہ COVID-19 ٹیسٹ کے منفی نتیجے کا ثبوت دکھانا ہوگا۔

آپ کو کونسا ٹیسٹ کروانا ہے اور ٹیسٹ کب کروانا ہے، اس ضمن میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ۔

## مرحلہ 9 - ایئرپورٹ کے لیے اپنے کاغذات تیار کریں

جب آپ اپنی پرواز کے لیے چیک ان کرتے ہیں، تو ایئر لائن کا عملہ آپ کو درج ذیل دستاویزات فراہم کرنے کا مطالبہ کرے گا:

- پاسپورٹ
- ویزا
- سفری استثنیٰ کی منظوری، اگر ضرورت ہو
- COVID-19 ٹیسٹ کا منفی نتیجہ
- مکمل DPD۔

## مرحلہ 10 - آسٹریلیا میں داخلے کے تقاضوں کو پورا کریں

اس میں امیگریشن، کسٹمز اور بائیو سیکیورٹی کلیئرنس شامل ہے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں سرحد پار کرنا۔

## مرحلہ 11 - ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضوں کو پورا کریں

زیادہ تر ریاستیں اور علاقے آپ کو آسٹریلیا پہنچنے کے فوراً بعد COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کا تقاضا کرتے ہیں۔

**غیر ویکسین شدہ مسافر آنے والے مسافروں کی حدود سے مشروط ہوتے ہیں اور اُن کے لیے ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔ آپ کو قرنطینہ میں رہنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔** آپ کو اسے اور جن ریاستوں اور علاقوں سے آپ ٹرانزٹ کریں گے اور جہاں کا آپ سفر کریں گے، اُن کے سبھی تقاضوں کو بھی چیک کرنا چاہئے۔

# آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنا

## 72 گھنٹے یا اس سے کم کا ٹرانزٹ

اگر آپ آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنے والے ہیں تو آپ کے لیے **لازمی ہے** کہ آپ ایک ایسی پرواز میں آگے کی ٹکٹ حاصل کریں جو ابتدائی داخلے کے بعد آسٹریلیا سے 72 گھنٹوں کے اندر روانہ ہوتی ہو۔ اگر کوئی مناسب جوڑنے والی (کنیکٹنگ) پرواز دستیاب نہیں ہے تو، آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنا ممکن **نہیں ہوگا**۔

72 گھنٹے یا اس سے کم کا ٹرانزٹ کرنے کی صورت میں آپ کو سفری استثنیٰ کے لئے درخواست دینے کی ضرورت **نہیں ہے**۔

### ویزا کے تقاضے

آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنے کے لئے آپ کے پاس ایک درست ویزا ہونا چاہئے یا آپ کا تعلق کسی ویزا کے بغیر ٹرانزٹ (TWOV) کرنے کے اہل ملک سے ہونا چاہئے۔

اگر آپ کے پاس کوئی درست ویزا نہیں ہے یا آپ TWOV کے لئےاہل نہیں ہیں تو آپ کو آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے ویزا کی درخواست دینی ہوگی۔ 72 گھنٹوں تک آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنے کے لیے ٹرانزٹ ویزا (ذیلی کلاس771) کے لیے درخواست دیں۔

## COVID-19 ٹیسٹنگ

آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنے کے لیے آپ کے پاس COVID-19 ٹیسٹ کا منفی نتیجہ ہونا چاہئے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ۔

## ڈیجیٹل مسافروں کا ڈیکلیریشن

آپ اپنی پرواز سے سات دن پہلے اپنا ڈیجیٹل مسافروں کا ڈیکلیریشن (DPD) شروع کر سکتے ہیں اور اسے آسٹریلیا کے لیے روانہ ہونے سے پہلے 72 گھنٹے کے اندر جمع کروا سکتے ہیں۔

DPD صحت کی اہم معلومات کی درخواست کرتا ہے۔ یہ معلومات فراہم کرنا ایک قابل اطلاق تقاضہ ہے۔ اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ آپ کو ایئرپورٹ پر، یا آسٹریلیا پہنچنے پر غیر ضروری تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: DPD۔

## ریاستی اور علاقائی تقاضے

آپ جس ریاست یا علاقے میں پہنچتے ہیں، آپ کو وہاں کے ٹرانزٹ کے تقاضوں پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔ **غیر ویکسین شدہ مسافر آنے والے مسافروں کی حدود سے مشروط ہوتے ہیں اور اُن کے لیے ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔**

آپ کو ہوٹل کی رہائش میں رہنے کی ضرورت پڑسکتی ہے اور آپ کو اپنی آگے کی پرواز کا انتظار کرنے کے دوران اپنے قیام کے اخراجات ادا کرنے کے لیے کہا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضے۔

## 72 گھنٹے سے زیادہ

اگر آپ اپنی جوڑنے والی (کنیکٹنگ) پرواز سے پہلے آسٹریلیا میں 72 گھنٹے سے زیادہ وقت گزاریں گے، تو آپ کو آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنے والا **متصوّر نہیں** کیا جائے گا۔

آپ کو آسٹریلیا میں داخلے کے دیگر تمام تقاضوں، COVID-19 ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ کے تقاضوں پر پورا اترنا ہوگا، بشمول ویزا، امیگریشن، کسٹمز بائیو سیکیورٹی کلیئرنس اور صحت کے لازمی اعلانات۔ مزید معلومات کے لے ملاحظہ کریں سرحد پار کرنا۔

آپ کو ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضوں پر پورا اترنا ہوگا۔